بچی کا نام یمنہ رکھنا

مجیب: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3028

تاریخ اجراء: 27 صفر المظفر 1446ھ / 02 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام یمنہ رکھنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

"یَمْنہ "(یعنی یاء پر زبر کے ساتھ) کا معنی ہے:" دائیں جانب، یمنی چادروں کی ایک قسم۔ "اور "یُمنہ "(یعنی یاء پر پیش کے ساتھ) کا معنی ہے:"یمنی چادروں کی ایک قسم۔" دونوں اعتبار سے یہ نام رکھنا جائز ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہوگی۔

المعجم الوسیط میں ہے "الیَمنۃ: دائیں جانب، یمنی چادروں کی ایک قسم۔ الیُمنۃ: یمنی چادروں کی ایک قسم۔(المعجم الوسیط، ص1328، مطبوعہ لاہور)

المنجد میں ہے "الیُمنۃ والیَمنۃ: یمنی چادر۔(المنجد، ص1048، خزینہ علم وادب، لاہور)

القاموس الوحید میں ہے:"الیَمنۃ: دائیں جانب، یمنی چادروں کی ایک قسم۔ الیُمنۃ: ایک قسم کی یمنی چادر۔(القاموس الوحید، ص1917، ادارہ اسلامیات، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا ان کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ وتابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامِل حال ہو۔" (بھار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم